© rasailojaraid.com



وماجوج ونفخة الصعق ونفخة القيام والحشر والنشر. (ایضاً ص۱۵)

اور قیامت کی علامات اس طرح ذکر کی گئی ہیں:

(۱) نزول عیسیٰ بن مریم (۲) خروج الدجال (۳) خروج دابۃ الارض (۴) خروج یاجوج وماجوج (۵) بے ہوش کرنے والی پھونک (۶) پھر ہوش میں لانے والی پھونک (۷) پھر سب کا ایک میدان میں جمع ہونا اور پھیلنا

ان تصریحات سے اس موضوع پر حضرت شاہ ولی اللہ کا عقیدہ کھل کر سامنے آتا ہے کہ وہ کس وضاحت سے رفع عیسیٰ بن مریم اور نزول عیسیٰ بن مریم کے قائل تھے اور حضرت مولانا عبیداللہ سندھی بھی ان سے کچھ کسی فاصلے پر نہ تھے۔ آپ اپنی اکیس سالہ جلاوطنی کے بعد وطن واپس آئے تو اپنے محدثین دہلی اور علماء دیوبند سے پھر اپنی اسی وابستگی کا اظہار فرمایا جسے وہ ساتھ لے کر گئے تھے۔

وطن واپسی پر پھر اپنے اساتذہ کے ماحول میں مولانا سندھی نے سالہا سال نئی دنیا کو دیکھا، مختلف اطراف کی گرد پیمائی کی مگر دیوبند سے آپ کی عقیدت وہی رہی اور تصوف میں بھی آپ اسی نسبت میں رہے جسے آپ چھوڑ کر ملک بدر ہوئے تھے۔ حالات کے انقلابات آپ کو سرمو اپنے پہلے دینی موقف سے بدظن نہ کر سکے۔ آپ کا وطن واپسی پر یہ بیان آپ کے رسوخ فی العلم کا واضح طور پر پتا دیتا ہے۔ میں نے اپنی طویل اکیس سالہ جلاوطنی میں ایک دنیا کی خاک چھانی مگر مجھے اپنے مرشد (حضرت سید العارفین) جیسا کوئی مرشد اور اپنے استاد (حضرت شیخ الہند جیسا کوئی استاد نہیں ملا) (ماخوذ "آثار الاحسان"، جلد ۲)

اس سے واضح ہوتا ہے کہ مولانا عبیداللہ سندھی کا دینی مسلک اور روحانی مشرب آخر دم تک وہی ایک رہا جو آپ دیوبند سے لے کر نکلے تھے۔ زمانے کے انقلابات نے اس پر شک اور تردد کا کوئی چھینٹا نہیں پھینکا۔

## مسافرانِ آخرت

● مجلس احرار اسلام چکڑالہ (ضلع میانوالی) کے ناظم امتیاز حسین کے بہنوئی نذر حسین مرحوم۔ انتقال: ۲۹ر اگست ۲۰۱۵ء۔

● مجلس احرار اسلام ٹب چوہان (رحیم یار خان) کے مخلص کارکن جام محمد یعقوب کی ساس صاحبہ مرحومہ۔ انتقال: ۲۷ر اکتوبر ۲۰۱۵ء۔

● چیچہ وطنی میں خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ کے قدیم متعلق اور حضرت خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ کے مرید خاص قاری محمد سرور 30 ر ستمبر کو انتقال فرما گئے، نماز جنازہ مرحوم کے داماد حافظ ظہور الحق نے پڑھائی۔

● چیچہ وطنی جماعت کے سابق صدر محمد افضل خان مرحوم کے برادرِ خورد، خان فیاض احمد خان کے چچا محمد اشرف خان (چک نمبر 15-11 ایل) یکم اکتوبر کو انتقال فرما گئے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ احباب وقارئین دعاءِ مغفرت و ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔



© rasailojaraid.com